© rasailojaraid.com


والی صورت حال اور اس کے حوالے سے علماء کرام اور دینی حلقوں کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی ہے۔ اس خصوصی شمارہ کی قیمت ۸۰ روپے ہے اور اسے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک صوبہ سرحد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## استحباب الدعاء بعد الفرائض ورفع الیدین فیہ

فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا مانگنے کا مسئلہ ایک عرصہ سے علمی حلقوں میں زیر بحث ہے۔ مکہ مکرمہ کے معروف حنفی عالم دین فضیلۃ الشیخ مولانا عبد الحفیظ ملک نے اس پر عربی زبان میں رسالہ تصنیف کیا ہے جس میں انہوں نے علمی انداز میں اپنے اس موقف کی وضاحت کی ہے کہ فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا مانگنا مسنون ہے اور اسے بدعت قرار دینا درست نہیں ہے۔

بڑے سائز کے ۱۴۰ صفحات پر مشتمل اس کتابچہ پر قیمت درج نہیں ہے اور اسے موسسۃ الخلیل الاسلامیۃ، چنیوٹ بازار، فیصل آباد کے مالک ملک شاہد رسول صاحب سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## میرے حضرت میرے شیخؒ

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق رحمہ اللہ تعالیٰ کے تلمیذ خاص مولانا عبد القیوم حقانی نے اپنے محبوب استاذ کے حالات زندگی اور خدمات ومجاہدات پر اپنے مخصوص انداز میں قلم اٹھایا ہے اور متعدد سبق آموز واقعات اور ارشادات کا ایک گلدستہ پیش کیا ہے جو حضرت شیخ الحدیثؒ کے عقیدت مندوں کے لیے گراں قدر تحفہ اور عام علما اور اہل دین کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

اڑھائی سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت ۹۰ روپے ہے اور اسے مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرۃ، خالق آباد، نوشہرہ، صوبہ سرحد

## ازدواجی حقوق نسواں

شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کے خادم خاص حضرت مولانا محمد صابرؒ کی دختر نے جو مولانا محمد انور کی اہلیہ محترمہ ہیں اور ایک عرصہ سے دینی وتدریسی خدمات سرانجام دے رہی ہیں، اس اہم موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور خواتین کے ازدواجی حقوق کے حوالے سے متعدد امور پر تحقیقی انداز سے روشنی ڈالی ہے۔ ان کی بیان کردہ تمام باتوں سے اتفاق ضروری نہیں تاہم یہ بات حوصلہ افزا ہے کہ دینی وتدریسی ماحول سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے آج کے دور کے ایک اہم مسئلہ پر علمی وتحقیقی کاوش پیش کی ہے جس کا رجحان ہمارے حلقوں میں بہت کم ہو گیا ہے۔

اڑھائی سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۱۰۰ روپے ہے اور مکتبہ دار العلوم عثمانیہ، کوٹ عبد المالک، شیخوپورہ روڈ لاہور سے طلب کی جا سکتی ہے۔


© rasailojaraid.com